09/07/2025

12.30 PM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ عابدہ اختر سے خبریں سُنئے

وزیر اعظم

وزیر اعظم نریندر مودی برازیل کا کامیاب دورہ مکمل کرنے کے بعد پانچ ملکوں کے دورے کے آخری مرحلے میں آج Namibia پہنچ رہے ہیں ۔ وزیر اعظم وہاں Namibia کی اعلیٰ قیادت کے ساتھ وفد کی سطح کی بات چیت کر یں گے ۔ اس دوران مختلف شعبوں میں Namibia کے اشتراک کو بڑھاوا دینے کے لئے متعدد مفاہمت ناموں پر دستخط ہونے کی بھی امید ہے ۔ وزیر اعظم نریندر مودی کو اعلیٰ ترین سویلین ایوارڈ سے بھی سرفراز کیا جائے گا ۔

لیفٹننٹ گورنر

لیفٹننٹ گورنرمنوج سنہا نے جموں کشمیر میں پی ایم ٹی بی مکت بھارت ابھیان کو کامیابی سے ہمکنار کرانے اور جموں کشمیر کو ٹی بی مکت کرنے کیلئے تپ دق سے متعلق جامع بیداری پیداکرنے پر زور دیا ہے ۔ کل جموں کشمیر کے سبھی اضلاع کے ڈپٹی کمشنروں کے ساتھ ایک میٹنگ کے دوران انہوں نے اس ابھیان کی عمل آوری اور اب تک کی حصولیابیوں کا جائزہ لیا۔

وزیر اعلیٰ

SKICC کے بورڈ آف گورنرس کی میٹنگ منعقدہوئی جس دوران SKICC وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کی صدارت میں آج کو مالی اعتبار سے خود انحصار بنانے کے علاوہ Mice Tourism کو بڑھاوا دینے کی ضرورت پر زور دیا گیا ۔ میٹنگ کے دوران SKICC سے متعلق دیگر امور پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا ۔

موسم

شہر سرینگر سمیت وادی کے دیگر اضلاع میں آج صبح سے ہلکی بارشوں کا سلسلہ جاری ہے اور درجہ حرارت میں بھی کمی واقع ہوئی ہے موسم میں بدلاو سے لوگوں نے راحت کی سانس لی ہے ۔ شری امر ناتھ جی یاترا کے دونوں راستوں پر مطلع ابر آلود ہے ۔ موسمی تبدیلی اور آئندہ دو ایک روز کی پیشن گوئی کے بارے میں جب ہم نے سرینگر میں محکمہ موسمیات کے سربراہ ڈاکٹر مختار احمد سے بات کی تو انہوں نے کہا ۔

یاترا

دریں اثناءہمارے نمائندوں نے خبر دی ہے کہ آج صبح بال تل بیس کیمپ سے پانچ ہزار 882 یاتریوں جبکہ نن ون کے بیس کیمپ سے 3 ہزار سے زائد یاتریوں کو پوتر گھپا کی طرف جانے کی اجازت دی گئی ۔

اُدھر آج صبح جموں کے بھگوتی نگر بیس کیمپ سے مزید 7 ہزار 579 یاتریونکے ایک اور قافلے کو وادی کی طرف روانہ کیا گیا ۔

اطلاعات کے مطابق آج صبح دس بجے تک پانچ ہزار پانچ سو پچاس یاتریوں نے پوتر گھپا میں شولنگم کے درشن کئے اور یوں اب تک کل ایک لاکھ 17 ہزار پانچ سو 23 یاتریوں نے گھپا میں حاضری دی ہے ۔

حج

حج کمیٹی آف انڈیا نے حج 2026 کے سلسلے میں آن لائن درخواستیں طلب کی ہیں ۔ خواہشمند عازمین 31 جولائی 2025 تک اپنی درخواستیں ویب سائٹ hajcommitte.gov.in اور موبائل ایپلی کیشن حج سُودھا پر جمع کرا سکتے ہیں ۔

ڈپٹی کمشنر بارہمولہ

ڈپٹی کمشنر بارہمولہ منگا شیر پا نے نوجوانوں کو با اختیار بنانے کے لئے عملائے جا رہے مشن یووا کے تحت 53 معاملات کو منظوری دی ہے ۔ انہوں نے مشن کے تحت وقت پر رقومات کی واگزاری کو یقینی بنانے پر زور دیا ۔

گاندربل

ادھر گاندربل میں بھی ڈپٹی کمشنر جتن کشور کی صدارت میں منعقدہ DLIC کی ایک میٹنگ کے دوران مشن یووا کے تحت 59 معاملات کو منظوری دی گئی ۔ کپواڑہ کی ضلع ترقیاتی کمشنر آیوشی سدن کی صدارت میں منعقدہ DLIC میٹنگ کے دوران مشن یووا کے 72 کیس منظور کئے گئے ۔

کولگام

ضلع کورٹ کمپلیکس کولگام اور ضلع کی Taluka عدالتوں میں 26 جولائی کو MACT اور ازدواجی معاملات سے متعلق ایک خصوصی لوک عدالت کا انعقاد کیا جا رہا ہے جس میں التواءمیں پڑے اس طرح کے معاملات کو افہام و تفہیم کے ساتھ حل کیا جائے گا ۔

تقریب

محکمہ تعلیم کشمیر نے گاندھی گلوبل فیملی کشمیر چیپٹر کے اشتراک سے کل ایک تقریب کے دوران کشمیر صوبے سے تعلق رکھنے والے سرکاری سکولوں کے دسویں جماعت کے اعلیٰ کارکردگی دکھانے والے طلباءکی عزت افزائی کی ۔ ناظم تعلیم کشمیر ڈاکٹر جی این ایتو نے اس موقعہ پر کہا کہ اس طرح کی تقاریب سرکاری سکولوں میں زیر تعلیم طلباءکی حوصلہ افزائی ہوتی ہے ۔

پلوامہ

پلوامہ میں ضلع ترقیاتی کونسل کی ایک میٹنگ کے دوران ضلع کیپیکس منصوبے کو حتمی شکل دی گئی ۔ اس دوران ضلع میں عملائے جا رہے متعدد ترقیاتی اور عوامی نوعیت کے کاموں کی پیش رفت پر سیر حاصل تبادلہ خیال کیا گیا ۔

شوپیان

حرمین شوپیان میں کل بیٹی بچاو بیٹی پڑھاو پروگرام کے تحت ایک بیداری پروگرام کا انعقاد کیا گیا ۔ اس موقعہ پر ماہرین نے لڑکیوں اور خواتین کے لئے مختلف سرکاری اسکیموں کو اجا گر کیا ۔

GCC

صوبائی کمشنر کشمیر وجے کمار بدھوری کی صدارت میناج منعقد ہوئی ایک میٹنگ میں اچھن سعدہ پورہ سرینگر میں کوڑا کرکٹ کو ٹھکانے لگانے کے نتیجے میں مقامی آبادی اور عام لوگوں کو در پیش دیگر بلدیاتی مسائل کا جائزہ لیا گیا۔میٹنگ میں ڈپٹی کمشنر سرینگر کے علاوہ دیگر کئی افسران بھی موجود تھے ۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ